SET-4

Series #CDBA/S

Q.P. Code **5A/S**

رول نمبر
Roll No. | | | | | | | | |

امیدوار Q.P. کوڈ کو جوابی کاپی کے سرورق پر ضرور لکھیں۔
Candidates must write the Q.P. Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیجیے کہ اس سوال نامہ میں چھپے صفحات کی تعداد **11** ہے۔
- آپ جانچ لیجیے کہ سوال نامے میں چھپے سوالات کی تعداد **18** ہے۔
- سوال نامہ کے داہنی طرف چھپا Q.P. کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جوابی کاپی کے ٹائٹل صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر جوابی کاپی پر ضرور لکھیں۔**
- سوال نامہ پڑھنے کے لیے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال نامے کو صبح 10.15 بجے تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 بجے تک طلباء صرف سوالنامہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جوابی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

# اُردو (کورس A)

# URDU (Course A)

مقررہ وقت: ۳ گھنٹے
*Time allowed : **3** hours*

کل نمبر: ۸۰
*Maximum Marks : **80***

**عام ہدایات :**

(i) اس سوال نامہ کل *18* سوالات ہیں جن کو چار حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

(ii) حصہ۔ الف : سوال نمبر *1* تا *4*

(iii) حصہ۔ ب : سوال نمبر *5* تا *9*

(iv) حصہ۔ ج : سوال نمبر *10* تا *14*

(v) حصہ۔ د : سوال نمبر *15* تا *18*

(vi) مخصوص ہدایات کے مطابق سوالات کے جواب لکھیے۔

(vii) جواب لکھنے سے پہلے سوال نمبر جوابی کاپی پر ضرور لکھیں۔

**General Instructions :**

(i) This Question Paper contains ***18*** questions and divided into ***4*** sections.
(ii) **Section - A** : Q. No. ***1*** to ***4***
(iii) **Section - B** : Q. No. ***5*** to ***9***
(iv) **Section - C** : Q. No. ***10*** to ***14***
(v) **Section - D** : Q. No. ***15*** to ***18***
(vi) Answer the questions as per the specific instructions.
(vii) Write Serial No. of question just before attempting its answer.

## حصہ ۔ الف : عبارت فہمی اور شعر فہمی (20 نمبر)

## SECTION - A : Reading and Comprehension (20 Marks)

**1.** مندرجہ ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق پوچھے گئے سوالات کے صحیح جواب لکھیے۔ $5\times1=5$

لوک کہانیاں عوامی زندگی کی امنگوں، خوابوں اور کسی قوم یا قبیلے یا علاقے کے اجتماعی آدرشوں کی ترجمان ہوتی ہیں۔ کوئی بھی تہذیب جتنی پرانی ہوگی، اس کی لوک کہانیوں کا ذخیرہ بھی اتنا ہی پرانا اور بیش قیمت ہوگا۔ ہمارے ملک میں بہت سی زبانیں بولی جاتی ہیں۔ ہر زبان میں عوامی ادب یا لوک کہانی اور لوک گیت کا اپنا سرمایہ موجود ہے۔ لوک کہانی یا لوک گیت سے کسی زبان کے بولنے والوں کے مزاج، ان لوگوں کی معاشرتی زندگی، ان کی قدروں، ان کے

خوابوں، ان کے معیارِ حسن یا ان کی جمالیات کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ لوک کہانیاں کسی قوم یا علاقہ کی عوامی زندگی میں اسی طرح، فطری انداز سے رونما ہوتی ہیں جیسے کسی درخت کی ٹہنی پر کونپلیں پھوٹتی ہیں یا زمین سے خودرو پودے اگتے ہیں۔ جو سادگی عوامی زندگی میں ہوتی ہے، وہی سادگی عوامی (لوک) گیتوں اور عوامی (لوک) کہانیوں میں ہوتی ہے۔

(i) اقتباس میں سے 'اصول' کا مترادف لفظ تلاش کیجیے۔ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(A) قبیلہ　　(B) سرمایہ

(C) ذخیرہ　　(D) آدرش

(ii) عوامی زندگی اور عوامی لوک گیتوں میں کون سی بات ایک جیسی ہے؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(A) امنگ　　(B) تہذیب

(C) سادگی　　(D) حسن

(iii) بہت سی زبانیں کس ملک میں بولی جاتی ہیں؟ ایک لفظ میں لکھیے۔

(iv) لوک کہانیاں کس چیز کی ترجمان ہوتی ہیں؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) لوک کہانی یا لوک گیت سے کن باتوں کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

**2.** مندرجہ ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور درج ذیل میں دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ $5\times1=5$

لو رات ہو گئی ہے لو چھا گیا اندھیرا
باغوں میں بسنے والے سب لے چکے بسیرا
ہر سمت آسماں پر تارے چمک رہے ہیں
تارے جو ہیں زمیں پر ان کو یہ تک رہے ہیں
پوچھو گے تم زمیں کے وہ کون سے ہیں تارے؟
آؤ تمھیں دکھائیں تارے وہ پیارے پیارے

دیکھو چمک رہے ہیں باغوں میں باڑیوں میں

کیا اُڑ رہے ہیں ہر سو، کھیتوں میں جھاڑیوں میں

یہ ننھی لالٹینیں کیا جگمگا رہی ہیں

اس سمت آ رہی ہیں اس سمت جا رہی ہیں

ہیں آگ کے پتنگے یا پھول پھلجھڑی کے

کیا نور سے بھرے ہیں یہ ننھے ننّھے کیڑے

تم جانتے ہو ان کو جگنو ہے نام ان کا

اندھیاروں کو روشن کرنا ہے کام ان کا

(i) نظم میں متضاد الفاظ کا جوڑا تلاش کیجیے۔ درج ذیل متبادل جوابوں سے صحیح جواب لکھیے۔

(A) باغ، باڑی (B) کھیت، جھاڑی

(C) آسمان، زمین (D) اندھیرا، بسیرا

(ii) دوسرے شعر میں 'تک رہے ہیں' کا کیا مطلب ہے؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(A) بری نظر سے دیکھ رہے ہیں (B) غور سے دیکھ رہے ہیں

(C) امید سے دیکھ رہے ہیں (D) بھاگنے کا موقع دیکھ رہے ہیں

(iii) یہ نظم کس کے بارے میں ہے ؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(iv) 'باغوں میں بسنے والے سب لے چکے بسیرا' کا مطلب بتایئے۔ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) جگنو کہاں کہاں اُڑ رہے ہیں ؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

**3.** درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور درج ذیل میں دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ $5 \times 1 = 5$

ہمارے محلّے میں ایسے لوگ ہیں ہی نہیں جنھوں نے بغاوت میں حصّہ لیا ہو۔ یہ عورتیں اور بچّے تو باہر سے آئے ہوں گے۔ (بھاگ وتی زمین پر بیٹھ کر اور اپنا منھ بند کر کے پھوٹ پھوٹ کر رونے لگتی ہے)۔ بتاؤ تو یہ ہیں کون؟ کبھی پوچھ تاچھ ہو تو میں جواب تو دے سکوں۔ (بھاگ وتی سر ہلاتی ہے) اچھا نہ بتاؤ۔ جب لڑائی ہو رہی

تھی تو تمھاری زبان پر تین چار نام رہا کرتے تھے......... بخت خاں کی آل اولاد یہاں تھی ہی نہیں، سدھاری سنگھ بھی باہر کا آدمی ہے........ کیا مسلمان عورت کو پناہ دی ہے ؟........ ہندو عورتوں میں تو تمھارے رانی کشن کنور سے تعلقات تھے۔ نہار سنگھ روپیہ وصول کرنے آنا چاہتا تھا تو زمین تیار کرنے سے پہلے اسی کو بھیجتا تھا ........ مگر کیا معلوم رانی بلّبھ گڑھ میں ہے یا یہاں۔ بہر حال، جہاں بھی ہو، کوئی نہ کوئی اس کا پتہ دے گا ضرور.........اگر نہار سنگھ کو پکڑ لیا ہے تو شاید اس کو تلاش نہ کریں۔

(i) یہ باتیں کون کہہ رہا ہے؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(A) رام سہائے مل (B) بھاگ وتی

(C) نہار سنگھ (D) کشن کنور

(ii) اس سبق کا مصنف کون ہے؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(A) سعادت حسن (B) الطاف حسین

(C) محمد مجیب (D) محمد اقبال

(iii) اس سبق کا تعلق ادب کی کس صنف سے ہے؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(iv) لڑائی کے دوران بھاگ وتی کی زبان پر کون کون سے نام رہتے تھے ؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) رانی کشن کنور کے بارے میں کیا بات معلوم نہیں تھی ؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

**4.** درج ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور ذیل میں دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔ $5\times1=5$

دنیا میری بلا جانے مہنگی ہے یا سستی ہے
موت ملے تو مفت نہ لوں ہستی کی کیا ہستی ہے

آبادی بھی دیکھی ہے ویرانے بھی دیکھے ہیں
جو اجڑے اور پھر نہ بسے دل وہ نرالی بستی ہے

جان سی شے بک جاتی ہے اک نظر کے بدلے میں
آگے مرضی گاہک کی، ان داموں تو سستی ہے

جگ سونا ہے ترے بغیر، آنکھوں کا کیا حال ہوا
جب بھی دنیا بستی تھی، اب بھی دنیا بستی ہے
دل کا اجڑنا سہل سہی، بسنا سہل نہیں ظالم
بستی بسنا کھیل نہیں، بستے بستے بستی ہے

(i) مندرجہ بالا اشعار کس شاعر کی غزل سے لیے گئے ہیں؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(A) شاد عظیم آبادی (B) فانی بدایونی

(C) اصغر گونڈوی (D) یاس یگانہ چنگیزی

(ii) درج بالا اشعار میں مہنگی سستی، موت ہستی، آبادی ویرانہ اور اجڑنا بسنا، جیسے الفاظ کے جوڑوں سے کون سی صنعت بنتی ہے؟ درج ذیل متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب لکھیے۔

(A) استعارہ (B) کنایہ (C) تضاد (D) تلمیح

(iii) اقتباس میں سے آسان کا مترادف تلاش کر کے لکھیے۔ صرف ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(iv) شاعر نے دل کو نرالی بستی کیوں کہا ہے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

(v) شاعر کو دنیا کیوں سونی نظر آرہی ہے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

## حصہ - ب : تحریری مہارت (25 نمبر)

## SECTION - B : Writing Skills (25 Marks)

**5.** درج ذیل میں سے کسی ایک موضوع پر 300 – 250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ *1×10=10*

(i) قومی یکجہتی

(ii) بڑھتی آبادی کے مسائل اور ان کے حل

(iii) گلوبل وارمنگ ایک خطرہ

**.6** (a) اپنے اسکول کے طلبا کو پکنک پر لے جانے کے لیے پرنسپل صاحب کے نام درخواست لکھیے۔ *1×4=4*

**یا (OR)**

(b) اپنی والدہ کو خط لکھ کر انھیں سالانہ امتحان کی تیاریوں کے بارے میں بتائیے۔

**.7** (a) راجندر سنگھ بیدی اور محمد مجیب میں سے کسی ایک کی نثر نگاری پر 100 الفاظ پر مشتمل میں نوٹ لکھیے۔ *1×4=4*

**یا (OR)**

(b) ''بھاگ وتی کے کردار'' کے بارے میں یا سبق ''عورتوں کے حقوق'' کا مرکزی خیال 100 الفاظ میں تحریر کیجیے۔

**.8** (a) شیخ محمد ابراہیم ذوق یا اکبر الٰہ آبادی کی شاعری پر 100 الفاظ پر مشتمل نوٹ لکھیے۔ *1×3=3*

**یا (OR)**

(b) نظم 'گرمی اور دیہاتی بازار' کے بازار کا منظر 100 الفاظ میں بیان کیجیے۔

**.9** (a) ' گیا ' یا 'نور خاں' میں سے کسی ایک کردار پر 100 الفاظ پر مشتمل نوٹ لکھیے۔ *1×4=4*

**یا (OR)**

(b) عظیم بیگ چغتائی یا مولوی عبدالحق کی نثر نگاری پر 100 الفاظ میں نوٹ لکھیے۔

## حصہ ۔ ج : عملی قواعد (20 نمبر)

## SECTION - C : Functional Grammar (20 Marks)

**.10** فعل سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے :

(i) درج ذیل جملہ فعلِ معروف، فعلِ مجہول اور فعلِ لازم کی مثالیں ہیں۔ ہر جملہ کے بارے میں بتائیے کہ یہ فعل کی کون سی قسم ہے؟ *3×1=3*

(a) ثنا نے اپنی بلی کو کھانا کھلا دیا۔

(b) خالہ کے گھر میں چوری ہو گئی۔

(c) عامر ہنس رہا ہے۔

(ii) وہ فعل جو دو یا دو سے زیادہ افعال سے مل کر بنتا ہے، اسے کیا کہتے ہیں؟ $1\times1=1$

(A) فعلِ معروف (B) فعل مجہول

(C) فعلِ مرکب (D) فعلِ متعدی

(iii) اگر کام کا اثر فاعل کے ساتھ مفعول پر بھی ہو تو ایسے فعل کو کیا کہیں گے؟ $1\times1=1$

(A) فعلِ لازم (B) فعلِ متعدی

(C) فعل ناقص (D) فعلِ مرکب

**11.** علمِ بیان اور علمِ بدیع سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے :

(i) درج ذیل شعر کو غور سے پڑھیے۔ اس شعر میں سے متضاد الفاظ کے تین جوڑے تلاش کر کے لکھیے جن سے صنعتِ تضاد بنتی ہے۔ $3\times1=3$

یاں کے سپید و سیہ میں ہم کو دخل ہے سو اتنا ہے
رات کو رو رو صبح کیا اور دن کو جوں توں شام کیا

(ii) کلام میں کسی مشہور واقعے کی طرف اشارہ کرنے کو کیا کہتے ہیں؟ $1\times1=1$

(A) تشبیہ (B) استعارہ

(C) کنایہ (D) تلمیح

(iii) درج ذیل میں سے استعارہ کسے کہتے ہیں؟ $1\times1=1$

(A) کسی بات کا فرضی سبب بیان کرنا (B) کسی مشہور واقعہ کی طرف اشارہ کرنا

(C) کلام میں متضاد الفاظ جمع کرنا (D) کسی لفظ کو مجازی معنی میں استعمال کرنا

**12.** محاوروں اور کہاوتوں سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے :

(i) درج ذیل محاوروں اور کہاوتوں میں سے چار کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔ *4×1=4*

(a) پھوٹ پھوٹ کر رونا

(b) آنکھوں میں خار لگنا

(c) نو دو گیارہ ہونا

(d) اشرفیاں لٹیں اور کولوں پر مہر

(e) انگور کھٹّے ہیں

(f) ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا

(ii) وہ فقرہ، جملہ یا قول جسے بات میں زور پیدا کرنے کے لیے استعمال کیا جائے، کیا کہلاتا ہے؟ *1×1=1*

(A) کہاوت (B) فقرہ

(C) روزمرّہ (D) قول

(iii) درج ذیل میں سے محاورہ تلاش کر کے لکھیے: *1×1=1*

(A) تم کس کھیت کی مولی ہو (B) بد اچھا بدنام بُرا

(C) لہو لگا کے شہیدوں میں ملنا (D) لاکھ کا گھر خاک ہو گیا

**13.** رموزِ اوقاف سے متعلق درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے : *2×1=2*

(i) وہ نشان بنایئے جو جملے میں تھوڑا وقفہ لینے کے لیے لگاتے ہیں۔

(ii) اس علامت کو کیا کہتے ہیں جو حیرت، خوشی یا غم ظاہر کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں؟

(a) سوالیہ (b) سکتہ (c) فجائیہ (d) رابطہ

**.14** شعری اصطلاحات کے بارے میں درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے :

(i) درج ذیل شعر کے قافیے تلاش کر کے لکھیے : *1×1=1*

سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا

ہم بلبلیں ہیں اس کی یہ گلستاں ہمارا

(ii) شعر میں قافیے کے بعد دوہرائے جانے والے لفظ یا الفاظ کو کیا کہتے ہیں؟ *1×1=1*

(a) قافیہ (b) ردیف (c) بحر (d) وزن

## حصہ ۔ د : ادب(15نمبر)

## SECTION - D : Literature (15 Marks)

**.15** درج ذیل سوالات میں سے دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔(نوائے اردو : حصہ ٔ نثر) *2×2=4*

(i) رات کے وقت بھولا کہاں گیا تھا؟اس کے جانے کی وجہ بھی لکھیے۔

(ii) بچپن میں سر سید کون کون سے کھیل کھیلتے تھے ؟

(iii) زبان میں بدیسی الفاظ داخل ہونے کے کیا فائدے ہوتے ہیں ؟وضاحت سے تحریر کیجیے۔

(iv) مضمون 'ماحول بچایئے' کے مصنف نے ماحول بچانے کے کیا کیا طریقے بتائے ہیں؟

**.16** درج ذیل سوالات میں سے دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔(نوائے اردو : حصہ ٔ نظم)۔ *2×2=4*

(i) شاد عظیم آبادی کے اس شعر کی وضاحت کرتے ہوئے ' نایاب' اور 'کم یاب' کا فرق بتایئے :

لاکھوں ہی مسافر چلتے ہیں، منزل پہ پہنچتے ہیں دو اک

اے اہلِ زمانہ قدر کرو، نایاب نہیں کم یاب ہیں ہم

(ii) اصغر گونڈوی نے اپنی غزل میں دنیا کے غموں کو آسان بنانے کا کیا طریقہ بتایا ہے؟ وضاحت کے ساتھ لکھیے۔

(iii) نظم 'جلوہ دربارِ دہلی' میں شاعر نے 'خیموں کا جنگل' کہہ کر کون سا منظر بیان کیا ہے ؟

(iv) نظم 'او دیس سے آنے والے بتا!' میں 'آوارۂ غربت' اور کنعانِ وطن' کا کیا مطلب ہے ؟

**17.** درج ذیل سوالات میں سے دو سوالوں کے مختصر جواب لکھیے۔(گلزارِ اردو) $2\times2=4$

(i) ضلع انجینئر نے گلّی ڈنڈے کے کھیل میں گیا کے داؤں سے بچنے کے لیے کون کون سی چالیں چلی تھیں؟

(ii) آئی۔ سی۔ ایس بننے کے بعد وحید میں آنے والی تبدیلی بیان کیجیے۔

(iii) افسانہ 'ان دیوتا' میں چنتو کے ان دیوتا سے ناراض ہونے کی کیا وجہ تھی ؟

(iv) خاکہ 'جگر صاحب' میں مصنف نے لکھنؤ کی سرزمین کے بارے میں کیا بتایا ہے ؟

**18.** درج ذیل میں سے کسی ایک صنف کے بارے میں تفصیل سے لکھیے : $1\times3=3$

(i) افسانہ

(ii) سوانح

(iii) نظم